عازمین، دوران حج، عبادات میں مشغول رہیں

اللہ کی خوشنودی، حج کا مقصد۔ ڈیجیٹل حج تربیتی پروگرام سے ڈاکٹر مونیس انصاری کا خطاب

MAHABUBNAGAR DISTRICT TELANGANA
حج سوسائٹی
Regd No. 773/06

محبوب نگر (ایس این بی) حج سوسائٹی ضلع محبوبنگر کے زیر اہتمام محبوبنگر مستقر کے وائٹ ہاؤس میں ڈیجیٹل حج تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس تربیتی پروگرام میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے دہلی سے ڈاکٹر مونیس انصاری حج ٹرینز اور تلنگانہ اقلیتی مالیتی کارپوریشن چیرمین عبیداللہ کوتوال کے علاوہ دیگر نے شرکت کی اس موقع پر ڈاکٹر مونیس انصاری نے اپنے خطاب میں حج کے دوران عازمین کی جانب سے ہونے والی غلطیوں پر تفصیل روشنی ڈالی انہوں نے عازمین حج کو مشورہ دیا کہ حج اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے کیا جاتا ہے اور اس دوران جو مسائل درپیش ہوں اس پر صبر کیجئے کیونکہ آپکو ایک مدت تک وہاں رہنا ہے تاکہ تمام زندگی حجاج کرام کو چاہیے کہ وہاں زیادہ تر وقت فضول کاموں خرچ نہ کرے بلکہ عبادت میں زیادہ وقت گذارے، اقلیتی مالیتی کارپوریشن چیرمین عبیداللہ کوتوال نے کہا کہ حج پر جانے عازمین بہت خوش قسمت لوگ ہیں کیونکہ اللہ نے آپکو حج کرنے کا موقع عنایت فرمایا، بہت سے لوگ مالدار ہونے کے باوجود اللہ کے گھر کے دیدار سے محروم رہتے ہیں انہوں نے اس سے کہا کہ عازمین حج حج کے تمام ارکان کو پوار کریں اور اس دنیا کو بھول جائیں کہ اس دنیا میں کیا ہورہا ہے انہوں نے اس موقع سے حج سوسائٹی محبوبنگر کی جانب سے عازمین حج کے لیے کئے جارہے اقدامات کی ستائش کی اور تمام عازمین حج کو ذاتی طور پر اور تلنگانہ حکومت کی جانب سے مبارکباد دی اسی طرح اس موقع پر مولانا عبدالرزاق نظامی فاضل جامعہ نظامیہ نائب صدر حج سوسائٹی محبوبنگر کی مرتب کردہ رہنمائے حج وعمرہ اور زیارت مدینہ کتاب کی رسم اجراء عمل میں لائی گئی اس موقع پر صدر حج سوسائٹی محبوبنگر محمود علی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حج سوسائٹی محبوبنگر کی جانب سے ہر سال عازمین حج کے لیے چھ سے سات تربیتی پروگرام میں ایک ٹیکے کا پروگرام رکھا جاتا ہے آج وائٹ ہاؤس میں عازمین کیلئے ڈیجیٹل پروگرام رکھا گیا جسکو دہلی سے مونیس انصاری نے شرکت کرتے ہوئے عازمین کو ٹریننگ دی اس تربیتی پروگرام میں حج سوسائٹی محبوبنگر کے ذمہ داران کے علاوہ عازمین حج کی کثیر تعداد موجود تھی۔

عوامی تحفظ اور امن کی برقراری کیلئے پولیس کی خدمات قابل ستائش

دوران ملازمت انجام دی گئی خدمات کو یاد رکھا جائیگا۔ وداعی تقریب سے ضلع ایس پی کا خطاب

محبوب نگر، (ایس این بی) ضلع ایس پی ہرش وردھن، آئی پی ایس، نے مشترکہ محبوب نگر ضلع میں خدمات انجام دینے کے بعد سبکدوش ہونے والے چار ملازمین کو اعزاز سے نوازا، ایس آئی، رحمان، 1983 بیچ میں بطور کانسٹیبل منتخب ہوئے 41 سال کی سروس انجام دی، وی وینو، اے ایس آئی 1984 بیچ میں بطور کانسٹیبل منتخب ہوئے اور 40 سال سروس کی، ناگیش ناتھ، اے ایس آئی 1989 بیچ میں بطور کانسٹیبل منتخب ہوئے اور 35 سال سروس انجام دی، نارائن ریڈی، ایچ سی 1991 بیچ میں بطور کانسٹیبل منتخب ہوئے اور محکمہ پولیس میں 33 سال تک محکمہ پولیس میں انمول خدمات انجام دیں، اس ضمن میں ضلع ایس پی دفتر میں ایک الوداعی تقریب منعقد ہوئی۔ جس میں ضلع ایس پی نے انہیں اعزاز سے نوازا اس موقع پر ایس پی نے کہا کہ ریٹائرمنٹ ہر ملازم کیلئے ضروری ہے، ملازمت کے دوران کی جانے والی خدمات اچھی شہرت لے کر آئیں گی تاکہ اس شخص کو ملازمین بھی یاد رکھا جائے۔

ضلع ایس پی نے مزید کہا کہ زیادہ دباؤ میں اپنے فرائض انجام دیتے ہوئے عوامی تحفظ کیلئے محکمہ پولیس کے لیے جو خدمات انجام دی ہیں وہ قابل تعریف ہیں۔ ڈیوٹی کی انجام دہی میں صبح، رات اور تہواروں میں بیوی بچوں سے دور رہ کر فرائض سرانجام دیتے تھے، اب آپ اپنی باقی زندگی اپنے خاندان کے افراد کے ساتھ خوشی سے گزاریں۔ اور اپنی صحت کا مناسب خیال رکھیں۔ انہوں نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ اس بات کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کریں کہ حکومت کی طرف سے ہر قسم کے مالی فوائد کو جلد حاصل کیا جائے، آپ کو یقین دلایا جاتا ہے کہ ہم محکمہ پولیس کی جانب سے ہمیشہ موجود رہیں گے، چاہے آپ کو کسی بھی قسم کی پریشانی کیوں نہ ہو، اس موقع پر ایڈیشنل ایس پی راملو، ڈی سی آر بی ڈی ایس پی رمنا ریڈی، اے اور کمنی بھائی، ایس پی سی سی رام ریڈی اور ضلع پولیس اسوسی ایشن کے صدر وینکٹیا اور دیگر موجود تھے۔

ونپرتی ضلع میں دسویں جماعت کے امتحانات

86.93 فیصد طلباء کامیاب، ضلع ایجوکیشن آفیسر کا بیان

ونپرتی، (ایس این بی) محکمہ تعلیم کے ضلع افسر گووندا راجولو نے آج ایک بیان میں کہا کہ ونپرتی ضلع کے 86.93 فیصد طلبہ دسویں جماعت میں کامیاب ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ ونپرتی ضلع کے 86.93 فیصد طلباء نے منگل کو ریاستی محکمہ تعلیم کی طرف سے جاری کردہ 10 ویں جماعت کے نتائج میں کامیابی حاصل کی ہے جو کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں 5 فیصد زیادہ ہے۔ ضلع سے 6888 طلباء نے دسویں جماعت کا امتحان دیا اور 5988 طلباء کامیاب ہوئے۔ ونپرتی ضلع میں .B.C انہوں نے کہا کہ محکمہ بہبود آبادی کے ہاسٹلز میں پڑھتے ہوئے امتحانات لکھنے والے 297 طلباء میں سے 297 طلباء پاس ہوئے ہیں۔ دسویں جماعت میں 3397 لڑکیاں پاس ہوئیں جبکہ 2591 لڑکے پاس ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ونپرتی ضلع میں 93 فیصد طلباء نے کے جی بی کامیاب ہوئے۔

حادثہ میں فوت ہونے والے اکھل کو 6.7 جی پی اے

میدک، (ایس این بی) ایس ایس سی کے نتائج جو منگل کو جاری کیے گئے، مسائی پیٹ کے ایک خاندان کے لیے دل دہلا دینے والی یاد دہانی کے طور پر آئے ہیں، عنبر پیٹ اکھل، جس کا امتحانات کے بعد 15 اپریل کو ایک سڑک حادثہ میں موت ہوگئی تھی، اس نے 6.7 جی پی اے حاصل کیا تھا۔ اکھل، 15، مسائی پیٹ منڈل کے چیٹلا تیمائی پلی کا ساکن، اپنے والدین اور رشتہ داروں کے ساتھ آٹو رکشا میں خریداری کے لیے جارہا تھا کہ ٹوپران قصبہ کے قریب ایک تیز رفتار کار نے ان کے آٹو کو ٹکر ماردی۔ اکھل کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ جبکہ خاندان کے باقی افراد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے بچ گئے۔ اکھل کے والدین منگل کو اپنے بیٹے کے نتائج کے بارے میں سن کر بے چین تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر وہ آج زندہ ہوتا تو وہ اپنے تمام دوستوں کی طرح کالج میں داخلہ لیتا۔ اکھل، جس نے زیڈ پی ایچ ایس چندمپیٹ سے اپنی کلاس 10 مکمل کی تھی، نے ریاضی میں 9 جی پی اے حاصل کیا۔ اس نے 18 مارچ سے 2 اپریل کے درمیان ہونے والے امتحانات میں شرکت کی تھی۔

بچوں کی تربیت سے قبل والدین خود کی تربیت کریں: امان اللہ

مسجد یعقوبیہ میں دینی اجلاس کا انعقاد، حکم ربانی کی تعمیل میں زین الحق نے جیتا 'رینجر سائیکل' انعام

چنئی (پریس ریلیز) اولاد اللہ کی بیش بہا نعمت ہے۔ اپنے جسم و جان سے زیادہ اولاد کا خیال رکھنا چاہیے۔ اولاد کی اچھی تعلیم وتربیت وقت کی ایک اہم ضرورت ہے اور اسلام ہمیں اپنے بچوں کا صحیح خیال رکھنے کا حکم بھی دیتا ہے۔ اولاد کی تربیت سے پہلے ماں باپ کو خود اپنی صحیح تربیت کرلینی چاہیے کیوں کہ بچے سب سے پہلے اپنے ماں باپ کو دیکھتے، والدین جیسی نقل وحرکت کرتے ہیں بچے انہیں کو قبول کرتے ہیں اس لیے ماں باپ جب اچھے ہوں گے، نیک وصالح ہوں گے تو بچوں کی تربیت پر اس کا مثبت اثر پڑنا لازمی ہوگا۔ بچوں کی تربیت قبل از ولادت سے ہی ہوجانا چاہیے، یعنی صالح زوجہ کی تلاش سے ہی بچوں کی تربیت کا پہلا مرحلہ ہوتا ہے، امام اعظم ابو حنیفہ کی شخصیت ساخت وپرداخت پر انے والدین کا تقوی وپرہیزگاری کارفرما تھی اس لئے والدین خود کو متقی وپرہیزگار بنائیں تو نیک وصالح اولاد ممکن ہے۔

مذکورہ تمام باتیں مدراس یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ ایم بی نے مسجد یعقوبیہ اہلحدیث میں منعقد ایک دینی اجلاس میں کہی۔ "بچوں کی تربیت کیسے کریں؟'' کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر امان نے کہا کہ ہمیں اپنے نونہالوں کی اچھی نگہداشت کرنی چاہیے، اپنے صلاح ومشوروں میں انہیں بھی شامل کرنا چاہیے۔ خود سے اپنے بچوں کو دور نہیں رکھنا چاہیے۔ انہیں دین سے مسجد سے قریب رکھنا چاہیے تاکہ ان کی بہتر تربیت ہوسکے۔ اس سے قبل مسجد یعقوبیہ کے چیف امام وخطیب مولانا کلیم اللہ امدادتیمی نے بھی خطاب کیا، ان کا موضوع "بچے ہمارے مستقبل ہیں" تھا۔ مولانا تیمی نے اپنے پرمغز خطاب میں کہا کہ بچے ہی ہمارے مستقبل ہیں۔ روپیوں پیسوں اور مال وزر سے کہیں زیادہ ہم لوگوں کو اپنے ان مستقبل کو سنوارنا چاہیے، قوم کا فیوچر انہیں سے وابستہ ہے۔

مولانا موصوف نے اپنے بیان میں یہ بھی کہا کہ یہی ہمارے بچے کل دین اسلام کی خدمت کریں گے، یہی بچے ہماری مسجدوں کو آباد کریں گے، ہمارے بعد یہی بچے ہماری مسجدوں کے نمازی بنیں گے۔ اس لیے ان کو اچھی سے اچھی تربیت اور تعلیم دونوں دینے کی ضرورت ہے اگر یہ نیک ہو گئے تو ان کا بھی مستقبل اچھا ہوجائے گا اور ہم ماں باپ کا بھی فیوچر تابندہ ہو جائے گا۔ انہوں نے دوران خطاب یہ بھی کہا کہ بچوں کو نہ مارا جائے، مسجدوں میں بچے اگر شوروغل کریں تو ان کے ساتھ عفوودرگزر کا معاملہ رکھا جائے۔ کیوں کہ ابتدائی عمر میں ہی اگر یہ مسجدوں سے دور ہوگئے تو پھر آگے چل بہت دشواری ہوسکتی ہے۔ بعد ازاں مہمان خصوصی ڈاکٹر امان اللہ ایم بی کے ہاتھوں سے "انعامات ماہ رمضان المبارک" کی تقسیم عمل میں لائی گئی۔ رمضان میں پنج وقتہ نمازوں کی سب سے زیادہ پابندی کرنے والے پندرہ ممتاز بچوں کو گراں قدر ہدایا عطا کیے گیے جب کہ پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے ننھے مصلی زین الحق بن ضیاء الحق کو مسجد کی جانب سے "رینجر سائیکل" انعام میں دی گئی، دوسری پوزیشن ریحان مشتاق شریف اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے چھوٹے مصلی ریان بن محمد اسحاق کو بھی خصوصی تشجیعی انعامات سے نوازا گیا۔ ساتھ ہی رمضان میں سب سے زیادہ مسجد کی خدمت کرنے والے چھ نمایاں بچوں کو بھی انعام میڈل کی شکل میں دے کر ان کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ واضح رہے کہ بچوں میں بیداری لانے کے لیے مسجد یعقوبیہ میں وقتاً فوقتاً ایسے ہی پروگرام منعقد کیے جاتے رہتے ہیں تاکہ قوم کے نونہالوں کا رشتہ مسجد سے جڑا رہے اور دنیا وآخرت کی بھلائیوں سے بھی یہ ہمکنار ہوسکیں۔ اسی کے ساتھ ناظم جلسہ حافظ اسداللہ عتیق عمری نے تمام حضرات وخواتین کے شکریہ کے ساتھ اس پروقار مجلس کے اختتام کا اعلان فرمایا۔

دستور پر حملہ کا خدشہ۔ موجودہ انتخابات میں صد فیصد رائے دہی ناگزیر

کریم نگر میں پرجا سومیا پری رکشنا سبھا کے اجلاس سے۔ جسٹس رام چندر کمار کا خطاب

"PRAJA SWAMYA PARIRAKSHANA SABHA"

کریم نگر، (ایس این بی) کریم نگر میں پرجا سومیا پری رکشنا سبھا کے پہلے اہم اجلاس عام کو مخاطب کرتے ہوئے ریاستی صدر ریٹائرڈ جسٹس چندرا کمار نے کہا کہ ملک میں دستور کے بنیادی ڈھانچہ پر حملہ ہو رہا ہے اور موجودہ انتخابات میں صد فیصد رائے دہی کے ذریعہ ملک کے دستور کو بچایا جاسکتا ہے انہوں نے کہا کہ انتخابی عمل کی جدوجہد میں ہمیں متحد ہوکر اجتماعی طور پر اپنے ایک ایک ووٹ کو ضائع کیے بغیر سیکولر طاقت کے حق میں ووٹ دلوانا ہے اور فرقہ پرست پاشست قوتوں کو شکست پاشت دینا ہے جسٹس رام چندر کمار نے کہا کہ ہندوستان میں 65 لکھ کسانوں کی خودکشی کے ذمہ دار وزیر اعظم نریندر مودی ہیں انہوں نے ملک میں فرقہ وارانہ منافرت کے بڑھتے ہوئے رجحان کو ملک کے سنگین حالات قرار دیا اور کہا کہ ملک کو اس سنگین صورتحال سے نکالنے انتخابات میں ہماری غفلت اور لاپرواہی ہماری تباہی کا ذریعہ ہوگی جسٹس رام چندر کمار نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ملک کی سالمیت کی بقا کے لیے اور قومی یکجہتی کے لیے صد فیصد رائے دہی کا استعمال کریں۔ ممتاز جہد کار اور ریاستی صدر مومنٹ فار پیس اینڈ جسٹس تلنگانہ محمد عبدالعزیز نظام آبادی نے بہ زبان انگریزی وارد واپنے ولولہ انگیز خطاب میں کہا کہ یہ پارلیمانی انتخابات نہیں بلکہ دستور کو بچانے کے لیے دوسری جنگ ہے۔ اس انتخابی عمل میں مذہب کا سوال نہیں ہے بلکہ ملک کی آعین کو اور ہندوستان کے شہریوں کا تحفظ ہے عبدالعزیز نظام آبادی نے اپنے واضح انداز میں کہا کہ اس ملک کی کروڑوں عوام جمہوریت اور سیکولرازم کو بدلنے کی کسی بھی سازش کے خلاف صف آراء ہوچکے ہیں آج پورے اداروں پر پسطاء طاقتوں نے کنٹرول حاصل کرلیا ہے وہ چاہتے ہیں کہ ہمیں مشتعل کریں لیکن ہمیں سبر کرنے کی ضرورت ہے عبدالعزیز نظام آبادی نے کہا کہ اس ملک کا بڑا چیلنج جہاں دستور ہند کا تحفظ ہے وہیں ہندوستان میں بے روزگاری اور غریبی اور بھک مری بھی ایک اہم چیلینج ہے اس ضمن میں منتخب ہونے والے حکمرانوں کو دور اندیش پالیسی مرتب کرنی ہوگی اس پہلے اجلاس عام کو سرپرست پرجا سومیا پری رکشنا سبھا کے پہلے ضلع کریم نگر صہیب احمد خان و ناظم جماعت اسلامی کریم نگر، پروگرام کنوینز محمد خیر الدین، صدر کرین کمار نائب صدور ایم اے متین، راجیہ، روی کمار، غلام ربانی قادری کے علاوہ سابق صدر بار کونسل کریم نگر وینو گوپال اور دیگر غیر مسلم اسکالرز نیمخاطب کرتے ہوئے متحدہ طور پر جمہوریت کے تحفظ کیلئے عملی جدوجہد کی اپیل کی پروگرام کی کاروائی ایم ایمو عید حامد نے چلائی پہلے اہم اجلاس سے عام 400 سے زائد مرد خواتین اور نوجوانوں نے شرکت کی۔

ناگولہ پلی موضع کے مختلف قائدین کی کانگریس میں شمولیت

شادنگر، (ایس این بی) شادنگر کے ایم ایل اے ویرلا پلی شنکر اور سابق ایم ایل اے پرتاب ریڈی کی موجودگی میں فرخنگر منڈل کے ناگولہ پلی موضع سے وابستہ کئی افراد نے کانگریس پارٹی میں شمولیت اختیار کی پارٹی میں شامل افراد کو رکن اسمبلی شادنگر ویرلہ پلی شنکر اور سابقہ رکن اسمبلی چولہ پلی پرتاب ریڈی نے کانگریس پارٹی کا کھنڈوا پہنا کر پارٹی میں خیمقدم کیا اس پروگرام میں قائدین صدر بلراج گوڑ، فاروق نگر منڈل کے صدر چلہ سریکانت ریڈی، ولیج کمیٹی کے صدور پانڈو گوڑ، راملو گوڑ، بوریا، نرسمہا چاری، رویندر ریڈی، یادیہ، شیوا راملو یادو، ملھو روی، شنکرایا، سوامی، مہیپال، ہنومنت، وغیرہ موجود تھے۔ سی گوپی، اے نرسملو، مشرقی وینکٹایا، وارانسی یادیا اور دیگر موجود تھے۔ دوسری جانب ایلی کٹہ گاؤں کے 30 قائدین نے کانگریس پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔

نرمل کے طلباء کا ایس ایس سی میں شاندار مظاہرہ

نرمل، (ایجنسیز) نرمل ضلع مسلسل دوسری بار 99 فیصد سے زیادہ پاس فیصد حاصل کرتے ہوئے ایس ایس سی کے نتائج میں تلنگانہ میں سرفہرست رہا، جبکہ کمرم بھیم آصف آباد مسلسل دوسرے سال خراب رہا۔ نتائج کا اعلان منگل کو کیا گیا۔ نرمل ضلع نے 2023 میں 99.11 فیصد کے مقابلے میں 99.05 پاس فیصد حاصل کیا۔ سالانہ امتحانات میں شرکت کرنے والے کل 8,908 طلباء میں سے کل 8,823 طلباء تمام مضامین میں پاس ہوئے۔ لڑکیوں نے 99.33 فیصد نمبر حاصل کیے جبکہ 98.74 فیصد لڑکے پاس ہوئے۔ دوسری طرف، کمرم بھیم آصف آباد ضلع 2023 میں 76.36 فیصد کے مقابلے میں معمولی بہتری کے ساتھ 83.29 پاس فیصد کے ساتھ 31 ویں پوزیشن پر رہا۔ فائنل امتحانات میں 6,383 طلباء نے شرکت کی۔ ان میں سے 5,325 نے دسویں جماعت کے تمام مضامین میں کامیابی حاصل کی۔ لڑکیوں نے 87.42 فیصد پاس کر کے لڑکوں کو پیچھے چھوڑ دیا۔ جبکہ لڑکوں کا تناسب 78.66 فیصد ہے۔ عادل آباد ضلع 92.93 فیصد پاس درج کر کے 17 ویں نمبر پر آیا، جو کہ 2023 میں پاس ہونے والے 88.68 فیصد کے مقابلے میں معمولی اضافہ کو ظاہر کرتا ہے۔ عادل آباد ضلع میں تمام مضامین میں کل 10,374 طلباء میں سے 9,641 طلباء پاس ہوئے۔ لڑکوں کے پاس 91.60 فیصد کے مقابلے لڑکیوں نے 94.26 فیصد پاس حاصل کر کے لڑکوں سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ منچیریل کا پاس فیصد تھوڑا سا بڑھ گیا ہے۔ اس نے 92.42 فیصد پاس دیکھا اور 20 واں مقام حاصل کیا، جو کہ 2023 میں 84.87 فیصد پاس کے مقابلے میں ظاہر ہوتا ہے۔ سالانہ امتحانات میں 9,283 نے شرکت کی اور ان میں سے 8,579 طلباء ایس ایس سی میں پاس ہوئے۔ نتائج میں لڑکے لڑکیوں سے پیچھے رہے۔ لڑکوں نے 91.36 فیصد جبکہ لڑکیوں نے 93.52 فیصد پاس کیا۔

حق رائے دہی سے متعلق شعور بیداری ریلی۔ علماء ودانشوروں کی شرکت

ونپرتی، (ایس این بی) ونپرتی ضلع مرکز میں سرکاری طور پر اقلیتی مینارٹی کارپوریشن کی جانب سے منعقدہ ووٹ کا حق استعمال کرنے کی غرض سے منعقدہ شعور بیداری ریالی میں علماء کرام، مسلم اقلیتیں قائدین مولانا انور قاسمی خطیب وامام جامعہ مسجد، مولانا مفتی معین الدین خطیب وامام مدینہ مسجد، خطیب وامام محمدیہ، محمد افضل الدین معتمد جامعہ مسجد، محمد جابر مینارٹی کارپوریشن ونپرتی نے شرکت کی انہوں نے کہا کہ 13 مء کو ہونے والی پارلیمانی انتخابات میں ہر مسلمان 100 فیصد ووٹ ڈالکر اپنا حق ادا کریں انہوں نے کہا کہ جمہوری ملک ہندوستان میں جمہوریت کے تحفظ کے لیے اپنا ووٹ استعمال کرنا بے حد ضروری ہے انہوں نے کہا ووٹ ہر فرد کا حق ہے اسی سے ملک میں اپنی پہچان باقی رہتی ہے انہوں نے اس شعور بیداری ریالی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 13 مء کو مسلم نوجوان صفر دیگر پروگراموں میں مصروف نہ رہیں بلکہ نماز فجر کے فوری بعد اپنے اہل وعیال و رشتہ داروں دوست احباب کو ووٹ ڈالنے کی سبقت دیں فوری ووٹ کا حق استعمال کریں انہوں نے کہا کہ ونپرتی ضلع میں مسلم طبقہ کے ہر فرد عوام کو ووٹ کا حق استعمال کرنے کا شعور بیداری کرنے کی ذمداری لیں اور 100 فیصد ووٹ ڈالکر ہر طبقے سے سبقت حاصل کریں انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ دور میں ہم ووٹ کے اس حق سے غفلت برتیں گے تو مستقبل میں پچھتاوا کرنا پڑھے انہوں نے عوام بالخصوص مسلم نوجوان اور ہر فرد ووٹر سے اپیل کی کہ پارلمانی انتخابات میں ووٹ کا حق استعمال کرنے بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

ناجائز شراب کی تیاری، 6 کیخلاف مقدمہ

کمرم بھیم آصف آباد۔ (ایس این بی) منگل کو چنتمانی پلی، دہیگاؤں اور کوٹالہ منڈلوں کے مختلف حصوں میں ان کے گھروں پر بیک وقت چھاپوں کے دوران چھ لوگوں کے خلاف غیر قانونی شراب (گڈمبا) بنانے کا مقدمہ درج کیا گیا۔ ساٹھ لیٹر غیر قانونی طور پر کشید کی گئی شراب قبضے میں لے لی گئی جبکہ چار ہزار لیٹر خمیر کو تلف کر دیا گیا۔ کاغذ نگر پروہیبیشن اینڈ ایکسائز انسپکٹر بی روی نے بتایا کہ تین منڈلوں کے لمباڈی ہیٹی، گیوگوڈیم، رانا ویلی، مارپلی، کلواڈا کے چھ افراد کے خلاف غیر قانونی شراب تیار کرنے کا معاملہ درج کیا گیا ہے۔

شادی کے تین دن بعد ہی حادثہ۔ دلہے کی موت

میدک (ایس این بی) ایک افسوسناک واقعہ میں، ایک نوجوان جوڑے کی شادی صرف تین دن تک جاری رہی کیونکہ ایک سڑک حادثہ میں دولہا کی موت ہوگئی جبکہ دلہن کو پیر کی دیر رات رامانتھا پور میں ایک نامعلوم گاڑی نے ان کے دو پہیہ گاڑی کو ٹکر مارنے سے شدید زخمی کر دیا۔ متاثرہ ایرولا وینکٹیش (22) نے 26 اپریل کو ایک شاندار تقریب میں سری لتا (19) کو مارا۔ وہ منگل کی رات جنگرائی سے پوتھن پلی جارہے تھے کہ ایک تیز رفتار گاڑی نے انہیں ٹکر مار دی۔ وینکٹیش کی موقع پر ہی موت ہوگئی جبکہ سری لتا، جو کہ شدید زخمی تھی، ایک پرائیویٹ اسپتال میں زندگی کی جنگ لڑ رہی ہے۔

آبی سربراہی بند کردینے میدک میں خواتین کا احتجاج

میدک (ایجنسیز) چنا شنکرم پیٹ منڈل کے گاندھی نگر کے باشندوں نے منگل کو اسٹیل اور پلاسٹک کے برتنوں کے ساتھ ایک راستہ روکو کا مظاہرہ کرتے ہوئے افسران پر ان کے گھروں کو پانی کی سپلائی روکنے کا الزام لگایا۔ ان کا کہنا تھا کہ اہلکار مہا سیوا ارتری (8 مارچ) سے ان کی کالونی کو پانی فراہم نہیں کررہے تھے۔ کالونی کی خواتین کا کہنا تھا کہ وہ زرعی کنوؤں سے پانی لانے کے لیے طویل سفر کرنے پر مجبور ہیں جب کہ ان میں سے کچھ ٹینکروں سے پانی خرید کر بھاری رقم ادا کر رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ صرف عہدیداروں کو معلوم وجوہات کی بنا پر پانی کی سپلائی گزشتہ تین دنوں سے مکمل طور پر بند تھی۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی بار بار شکایات اور اپیلوں کے باوجود منگل کی شام تک کوئی نتیجہ نہیں نکلا۔ مصروف میدک-چیگنٹہ سڑک پر راستہ روکو کا مظاہرہ کیا گیا جس کے نتیجے میں سڑک کے دونوں طرف بڑے پیمانے پر ٹریفک جام ہوگیا۔ انہوں نے ایک گھنٹے کے احتجاج کے بعد چینا شنکرمپیٹ پولیس کی جانب سے اس مسئلہ کو عہدیداروں کے نوٹس میں لینے کی یقین دہانی کے بعد احتجاج واپس لے لیا۔ دریں اثنا، ضلع میدک کے کئی دیہاتوں میں نرسریوں میں پودے مرجھا رہے تھے کیونکہ SHG خواتین، جنہیں نرسریوں کی دیکھ بھال کی ذمہ داری سونپی گئی تھی، وہ پودے کو پانی نہیں دے رہی تھیں اور یہ الزام لگاتے ہوئے کہ عہدیداروں نے اخراجات کو جاری نہیں کیا۔ کورپلی گاؤں کی نرسری کے پودے مکمل طور پر مرجھا گئے کیونکہ خواتین نے کچھ دن پہلے پودوں کو پانی دینا بند کر دیا تھا۔

صدر بی آر ایس کے سی آر نے ورنگل کو نظر انداز کیا: نائینی

ورنگل (ایجنسیز) بی آر ایس کے دس سالہ دور حکومت میں ورنگل کو یکر نظر انداز کر دیا گیا۔ ان خیالات کا اظہار رکن اسمبلی نائینی راجندر ریڈی نے ہنمکنڈہ میں میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے سابق چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ کو ورنگل کی ترقی کا سہرا دینے پر تنقید کی۔ کے سی آر جنہوں نے ورنگل کو ڈلاس کی طرح ترقی دینے کا وعدہ کیا تھا، انہوں نے زیر زمین نکاسی آب کا مسئلہ بھی حل نہیں کیا۔ بی آر ایس کے حکمرانوں کو شرم آنی چاہیے کیونکہ انہوں نے شہر کی ترقی کے لیے کوئی ماسٹر پلان نہیں بنایا،'' نیینی نے کہا۔ کالونیوں کے سیلاب کا کوئی دھیان نہیں رہا حالانکہ اس وقت کے ایم اے اینڈ یوڈی وزیر کے ٹی راماراؤ نے اسے حل کرنے کا عہد کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت نے اقتدار میں آنے کے فوراً بعد سیلاب کے مسئلے سے نمٹنے کے لیے کارروائی شروع کی تھی۔ کانگریس کے ورنگل-کھمم-نلگنڈہ گریجویٹس حلقہ کے امیدوار تینمار رملنا نے کہا کہ کے سی آر نے نہ صرف عوام کے ساتھ دھوکہ کیا بلکہ تلنگانہ تحریک میں سرگرم حصہ لینے والوں کو بھی نظر انداز کیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کے سی آر نے اروری رمیش کو بی جے پی کے ٹکٹ پر لوک سبھا انتخابات میں بھگوا پارٹی کے ساتھ اپنی سمجھداری کے تحت مقابلہ کرنے کی اجازت دی۔ کالونیوں کے سیلاب کا کوئی دھیان نہیں رہا حالانکہ اس وقت کے ایم اے اینڈ یوڈی وزیر کے ٹی راماراؤ نے اسے حل کرنے کا عہد کیا تھا۔

نظام آباد کے 11 اقلیتی اقامتی اسکولس کے ایس ایس سی کے صد فیصد نتائج

23 اداروں کا مجموعی نتیجہ 97 فیصد۔ اقلیتی اقامتی جونیئر کالجس میں داخلہ لینے کی اپیل

نظام آباد: (ایس این بی) تلنگانہ بورڈ آف سکنڈری نے دسویں جماعت 2024ء کے نتائج 93.23 فیصد اور مجموعی ریاست کا نتیجہ 91.31 فیصد رہا۔ تاہم ٹمریز (تلنگانہ اقلیتی اقامتی اسکولس) کے 204 تعلیمی اداروں میں لڑکوں کو 95.38 فیصد اور لڑکیوں کا 98.25 فیصد اور مجموعی 96.82 فیصد نتیجہ حاصل رہا۔ اسی طرح ضلع نظام آباد کے 23 تلنگانہ اقلیتی اقامتی اسکولس کا لڑکوں کا 96.25% فیصد اور لڑکیوں کا 96.91 فیصد اور مجموعی 97% فیصد نتیجہ حاصل رہا۔ جس میں 11 تعلیمی اداروں نے 100% فیصد نتیجہ حاصل کئے اور 9 طلباء نے 10/10 جی پی اے سے کامیابی حاصل کی۔ 10 اسکولس کا کامیابی 90% فیصد سے زائد اور 2 اسکولس کا 85% فیصد سے زائد نتیجہ رہا۔ محمد عبدالبصیر ریجنل لیول کوآرڈینٹر ٹمریز نظام آباد نے اپنے پریس نوٹ میں کہا کہ ضلع بھر میں لڑکوں کے 13 اسکولس میں دسویں امتحان میں 507 طلباء نے شرکت کی اور 488 طلباء نے اعلیٰ نشانات سے کامیاب ہوئے۔ اسی میں 7 اسکولس نے صد فیصد نتیجہ حاصل کیا۔ ان میں 6 کالج طلباء نے 10/10 جی پی اے حاصل کئے۔ تاہم ضلع بھر میں لڑکیوں کے 10 اسکولس میں جملہ 422 طالبات نے شرکت کی۔ اس میں 409 طالبات نے اعلیٰ نشانات کے ساتھ کامیاب ہوئے۔ 4 اسکولس کا نتیجہ 100% صد فیصد رہا۔ 3 طالبات نے 10/10 جی پی اے نشانات حاصل کئے۔ انہوں نے دسویں جماعت کے امتحانات میں ٹمریز کے پرنسپل، ٹیچرس، والدین اور طلباء کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان اداروں میں اساتذہ کی خصوصی توجہ، والدین کی سرپرستی اور طلباء کی انتھک محنت نے آج یہ شاندار نتیجہ حاصل ہوا۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ اقلیتی اقامتی اسکولس بوائز 1 نظام آباد، آرمور بوائز، بالکنڈہ بوائز (بھیمگل)، کوٹگیر بوائز، یلاریڈی بوائز، جکل بوائز (بچکندہ)، لنگم پیٹ بوائز، گرلز 2 نظام آباد، گرلز 3 نظام آباد (دھرم پوری ہلز) گرلز 4، نظام آباد نز دبابن صاحب پہاڑی اور گرلز بالکنڈہ کا نتیجہ صد فیصد رہا۔ اس کامیابی پر ڈسٹرکٹ مینارٹیز آفیسر شریمتی کے کرشناوینی نظام آباد، کے دیانندڈی ایم ڈبلیو کا ماریڈی، ویجلنس آفیسر ٹمریز شیخ احمد ضیاء اور محمد عبدالحمید، اکیڈیمک کوآرڈینیٹر بی پروین اور تمام پرنسپلس واسٹاف نے طلباء کو مبارکباد دی اور عوام الناس سے اپیل کی کہ تلنگانہ اقلیتی اقامتی جونیئر کالجس میں انٹرمیڈیٹ سال اول 2024 کیلئے داخلہ جاری ہیں اس اسکیم سے بھرپور استفادہ کریں۔

سنگاریڈی میں ''حج تربیتی وٹیکہ اندازی کیمپ''

سنگاریڈی (ایس این بی) جناب محمد عبدالمجید صدر انتظامی کمیٹی مسجد نعمانیہ سنگاریڈی کی اطلاع کے بموجب النعمان اسلامک ایجوکیشنل سوسائٹی سنگاریڈی کے زیر اہتمام 2 مئی، بروز جمعرات، بوقت، صبح 10 بجے تا نماز عصر تک بمقام مسجد نعمانیہ گنج میدان سنگاریڈی میں زیر صدارت مولانا محمد سلیمان صوفی سرپرست اعلی سوسائٹی ''ضلعی عازمین حج کیلئے تربیتی و ٹیکہ اندازی کیمپ'' منعقد ہوگا جس میں مفتی محمد اسلم سلطان قاسمی ناظم مدرسہ عربیہ نعمانیہ سنگاریڈی اور مولانا سید فصیح الدین قاسمی جنرل سکریٹری جمیعت العلماء ضلع سنگاریڈی کے تربیتی خطابات ہوں گے۔ انہوں نے سنگاریڈی، سداسیو پیٹ اور پٹن چرو ودیگر قرب وجوار کے مواضعات کے ضلعی عازمین حج سے بپابندی وقت شرکت کی خواہش کی خاتون عازمین کیلئے پردہ کا معقول انتظام رہے گا۔ تمام عازمین حج کیلئے طعام کا انتظام کیا گیا ہے۔

عوام کا تحفظ اور جرائم سے پاک ماحول کی فراہمی، کارڈن سرچ کا مقصد

سرکل انسپکٹر بھینسہ راجہ ریڈی کا خطاب

بھینسہ۔ (ایس این بی) محکمہ عوام کو تشدد و جرائم سے پاک ماحول فراہم کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھ رہی ہے اور عوام کا تحفظ وترقی پولیس اپنی اولین ذمہ داری سمجھتے ہوئے اقدامات کرنے میں مصروف ہیں جس کی وجہ سے تلنگانہ پولیس پوری یکسوئی کے ساتھ متحرک ہوکر جرائم وتشدد کے انسداد کیلئے ہر ممکنہ اقدامات کررہی ہے کارڈن سرچ کا مقصد ہی عوام کا تحفظ کرنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار سرکل انسپکٹر بھینسہ راجہ ریڈی نے آج بھینسہ میں کمینوٹی رابطہ کے تحت سرچ آپریشن کے بعد یہاں کی عوام سے مخاطب کرنے کے دوران کیا۔ بھینسہ شہر میں میں اویسی نگر کے علاقہ میں ضلع ایس پی نرمل جانکی شرمیلا اور اے ایس پی بھینسہ کانتی لال شھاش پاٹل کی ہدایت پر سرکل انسپکٹر بھینسہ راجہ ریڈی کی نگرانی میں کمیونٹی کنٹاکٹ کاردن سرچ پروگرام کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ اس پروگرام میں سب انسپکٹران جن میں محمد غوث، محمد شریف کے علاوہ دیگر پولیس آفیسران اور پولیس جوانوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔ جہاں پر دستاویزات کی عدم فراہمی اور چالانات کی عدم ادائیگی، نمبر پلیٹس نہ ہونے بناء پر 112 رموٹر سیکل، 13 رآٹو رکشہ اور ایک کار کو ضبط کرلیا گیا۔ اس موقع پر راجہ ریڈی سرکل انسپکٹر بھینسہ نے یہاں کی عوام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ صورتحال میں جرائم اور سرقہ کی وارداتوں میں اضافہ ہوا ہے جس کیلئے کارڈن سرچ اآپریشن کیا جارہا ہے جس کا مقصد عوام کو جرائم سے اور سرقہ کی وارداتوں وسارقوں سے محفوظ رکھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھینسہ شہر مہاراشٹرا کی سرحد پر واقع ہے جہاں موٹر گاڑیوں کے سرقہ کرتے ہوئے فروخت کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے پولیس کی جانب سے موٹر گاڑیوں کی تنقیح کی جاتی ہے تاکہ گاڑیوں کے مالکین کا پتا لگایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ موٹر گاڑیاں چلاتے وقت ٹرایفک کی قواعد پر پابندی کریں۔ اور موٹر گاڑیوں کا انشونس بھی ضروری ہے کیونکہ کئی حادثات ہونے کے بعد بھی انشورش کیلئے کافی مشکلات آرہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گاڑیوں کے ساتھ تمام دستاویزات ساتھ رکھیں، اور قواعد کی پابندی کریں۔ ہیلمنٹ اور سیٹ بیلٹ کا استعمال کریں تاکہ حادثات کی روک تھام ہوسکے اور انسانی زندگیوں کا تحفظ ہوسکے۔ انہوں نے کہا کہ کمیونٹی رابطہ کے تحت پولیس کی جانب سے یہ آپریشن کیے جارہے ہیں تاکہ جرائم اور تشدد سے پاک ماحول کی فراہم کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بھینسہ محکمہ پولیس ہر ممکنہ اقدامات کرتی ہے کہ جرائم کو روکا جاسکے جس کیلئے عوام کا تعاون بھی بے حد ضروری ہے اس لیئے عوام کو چاہیئے کسی بھی طرح کی اطلاع پہلے پولیس دیں انہوں کہا کہ اپنے علاقہ میں کوئی بھی باہر کا فرد آئے تو اس کی پہلے تحقیقات کریں اور پولیس کو اس کی اطلاع دیں۔ انہوں نے کہا کہ ہپولیس ہمیشہ تشدد سے پاک ماحول فراہم کرنے کیلئے متحرک رہتی ہے۔ امن کو بنائے رکھنے اور نظم وضبط کی صورتحال کو برقرار رکھنے کیلئے ہر ممکنہ اقدامات کرتی ہے۔ امن اور لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال کو بگاڑنے والوں کو سختی کے ساتھ نپٹا جائیگا۔